CS (MAIN) Exam : 2017

STH–P–URD

اردو

پرچہ—I

(ادب)

مقررہ : 3 گھنٹے

کل مارکس : 250

سوالات سے متعلق خاص ہدایات

سوالوں کے جواب تحریر کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

اس پرچے میں آٹھ سوالات ہیں جو دو حصوں (سیکشن) پر مشتمل ہیں۔

امیدوار کو کل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں۔ باقی سوالات میں سے صرف تین سوالوں کا جواب دینا ہے لیکن ہر سیکشن سے کم از کم ایک سوال کا انتخاب ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جوابات اردو میں ہی مطلوب ہیں۔

سوالات کے جوابات کے لیے الفاظ کی جو تعداد مقرر کی گئی ہے اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ جب تک کوئی جواب یا اس کا حصہ کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو، سوال کا جواب تصور کیا جائے گا گرچہ جواب جزوی طور پر ہی حل کرنے کی کوشش کی گئی ہو۔ کوئی صفحہ یا صفحہ کا کوئی حصہ اگر چھوڑا جائے تو اس کو کاٹنا ضروری ہے۔

URDU

PAPER—I

(LITERATURE)

Time Allowed : Three Hours	Maximum Marks : 250

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS
Please read each of the following instructions carefully before attempting questions

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU.

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

1۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کا جواب ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے : 10×5=50

(a) قدیم ہند-آریائی کا تعارف کرائیے اور بتائیے کہ اس دور میں سنسکرت زبان کی کیا اہمیت تھی؟

(b) اپ بھرنش سے کیا مراد ہے؟ شورسینی اپ بھرنش اور اس سے نکلی بولیوں کے بارے میں مختصر الفاظ میں تذکرہ کیجیے۔

(c) اردو زبان کے آغاز کے بارے میں محمد حسین آزاد کے نظریئے کی تفصیل کے ساتھ وضاحت کیجیے۔

(d) جدید ہند-آریائی زبانوں کی وضاحت کرتے ہوئے چند زبانوں پر ایک تبصرہ لکھیے۔

(e) تت سم اور تدبھو الفاظ کے درمیان کیا فرق ہے؟ اردو میں ان میں سے کس طرح کے الفاظ کی تعداد زیادہ ہے اور اس کی کیا وجہ ہے؟

2۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) ہند-آریائی کے آغاز و ارتقاء پر مختصر بحث کیجیے۔ 15

(b) اردو کے سلسلے میں مغربی ہندی کی دو اہم بولیوں ، کھڑی بولی اور کنّوجی بھاشا کی اہمیت پر تبصرہ کیجیے۔ 15

(c) اردو زبان کی مختلف اہم لسانی تحریکوں پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 20

3۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) عادل شاہی دور میں اردو ادب کے ارتقاء پر تبصرہ کیجیے۔ 15

(b) دکنی اردو کی لسانی خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔ 15

(c) ”دکن میں صوفیائے کرام کے ملفوظات نے دکنی اردو کی ترویج و تشہیر میں نمایاں رول ادا کیا ہے۔“ اس قول کی وضاحت مع مثال کیجیے۔ 20

4. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو رسم خط کی اہمیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ 15

(b) اردو کے لفظی سرمائے پر عربی و فارسی اثرات کا جائزہ لیجئے۔ 15

(c) اردو اور ہندی زبانوں کی ساختیات اور صرف و نحو پر بحث کیجئے۔ 20

5. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب ایک سو پچاس الفاظ (150) پر مشتمل ہونا چاہئے۔ 10×5=50

(a) '' ایجاز و اختصار اور رمز و کنایہ غزل کی بنیادی خصوصیات ہیں۔'' اس خیال کے پیشِ نظر غزل کی تعریف کیجئے۔

(b) داستان ، ناول اور مختصر افسانہ کے درمیان فرق کی وضاحت کیجئے۔

(c) دبستانِ لکھنؤ کی چند اہم شعری خصوصیات مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

(d) اردو میں جدیدیت کے رجحان پر روشنی ڈالئے۔

(e) حالی نے ایک شاعر کے لئے کون سی شرائط لازمی قرار دی ہیں؟ ان کی وضاحت کیجئے۔

6. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو میں مثنوی کے آغاز و ارتقاء پر تبصرہ کیجئے۔ 15

(b) جدید اردو نظم کے ارتقاء میں محمد حسین آزاد اور حالی کی کوششوں کا جائزہ لیجئے۔ 15

(c) دکنی زبان میں مرثیہ کی ترویج و ترقی پر تبصرہ کیجئے۔ 20

7. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو نثر کے ارتقاء میں مکاتیبِ غالب کی اہمیت پر بحث کیجئے۔ 15

(b) انشائیہ کیا ہے؟ اردو کے کسی معروف انشائیہ نگار کی خدمات پر تبصرہ کیجئے۔ 15

(c) '' الطاف حسین حالی کے ' مقدمہ شعر و شاعری ' کو اسلوبیاتی معیار تعین کرنے کا اہم نمونہ قبول کیا گیا ہے۔''
اس قول پر اپنی رائے کا اظہار کیجئے۔ 20

8۔ حسبِ ذیل عنوانات پر مضامین لکھئے۔ ہر مضمون دو سو پچاس (250) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے :

(a) اردو صحافت کا عصری منظر نامہ 20

(b) خطوطِ غالب اور ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی 15

(c) قرۃ العین حیدر کی ناول نگاری میں ہندوستانی ثقافتی عناصر 15

★★★